اردو (لازمی)	نہم 2017ء	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	(پہلا گروپ)	کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1۔ کس کو معلوم ہو چکا تھا کہ قریش آپ ﷺ کے قتل کا ارادہ کر چکے ہیں:

(a) جناب ابوبکرؓ (b) جناب عمرؓ

(c) جناب امیرؓ ✓ (d) جناب عثمانؓ

2۔ لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے:

(a) محبت بھرے (b) بیرنگ ✓

(c) دکھ بھرے (d) طویل

3۔ قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے:

(a) کاہلی چھوڑ کر ✓ (b) فکرمندی چھوڑ کر

(c) خوش و خرم رہ کر (d) پریشان رہ کر

4۔ سبق ”لہو اور قالین“ کے مصنف کا نام ہے:

(a) پریم چند (b) مولوی نذیر احمد

(c) مرزا ادیب ✓ (d) کرنل محمد خاں

5۔ میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے:

(a) خواجہ میر درد کے (b) مرزا غالب کے

(c) ذوق کے (d) خواجہ باسط کے ✓

6- ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا:

(a) بلی
(b) سلیم
(c) لڑکی ✓
(d) بیدارا

7- ''آرام و سکون'' میں میاں صاحب کا کیا نام تھا:

(a) اشتیاق
(b) مشتاق
(c) اشفاق ✓
(d) اسحٰق

8- داستان کا مترادف ہے:

(a) حمایت
(b) حکایت ✓
(c) کہاوت
(d) متانت

9- طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں:

(a) چمن کا
(b) پھول کا
(c) اللہ تعالیٰ کا
(d) حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ✓

10- سکولوں کو دہشت گردی سے محفوظ بنانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے:

(a) سیکیورٹی گارڈ
(b) سی سی ٹی وی کیمرہ
(c) خاردار تار
(d) تمام ✓

11- غزل ''ہستی اپنی حباب کی سی ہے'' کے شاعر ہیں:

(a) میر تقی میر ✓
(b) غالب
(c) علامہ اقبالؒ
(d) خواجہ میر درد

12- آسائش کا مترادف ہے:

(a) کشادہ
(b) ستائش
(c) راحت ✓
(d) آسانی

13- قوت کا متضاد ہے:

(a) اضعاف (b) ضعیف

(c) ضُعف ✓ (d) ضُعفا

14- مینڈک کی مؤنث ہے:

(a) مینڈی (b) مینڈکی ✓

(c) مینڈکیا (d) مینڈکن

15- ذکر کی جمع ہے:

(a) ذاکر (b) ذکور

(c) ذکریں (d) اذکار ✓